Home Connection

عزیز والد والدہ/ سرپرست:

گریڈ چھ میں زیر تعلیم آپ کے بچے نے اس ہفتے ہیلتھ ایجوکیشن کی تدریس میں بچوں سے زیادتی کی مختلف اقسام کے بارے میں تعلیم حاصل کی ہے۔ ان اقسام میں نظرانداز کیے جانے سمیت جذباتی، جسمانی، اور جنسی زیادتی کے موضوعات شامل ہیں۔ طالب علموں نے اس تدریس میں کسی سے مدد کیلئے رابطہ کرنے اور کسی سے کچھ پوچھنے، اور زیادتی کی اطلاع کرنے کی اہمیت کے بارے میں سیکھا ہے۔

بچوں کے استحصال سے متعلق جو مخصوص شکل فیئر فیکس کاؤنٹی میں وقوع پذیر ہو رہی ہے وہ نوجوان لڑکے لڑکیوں کی جنسی زیادتی کیلئے اغوا و فروخت (sex trafficking) کے واقعات ہیں۔ اس کاروبار میں ملوث افراد سوشل میڈیا کی ویب سائٹس اپنے مقاصد کیلئے استعمال کررہے ہیں، یا تو خود نوجوان لڑکے لڑکیوں کا روپ دھار لیتے ہیں یا پھر لڑکے لڑکیوں میں دلچسپی کا اظہار کرنے والے جوان بالغ بن جاتے ہیں تاکہ اپنے شکار کو پھانسنے کیلئے تعلقات قائم کر سکیں۔ بعض واقعات میں ایسے افراد عوامی مقامات جیسے شاپنگ پلازوں یا بس اسٹاپوں پر طالب علموں سے ملتے ہیں۔ فیئر فیکس کاؤنٹی پبلک اسکولز(FCPS) بچوں کی جنسی زیادتی کی غرض سے خرید و فروخت کے خاتمے کیلئے پرعزم ہیں اور والدین کو دعوت دیتے ہیں کہ وہ اس بارے میں معلوماے کیلئے اس ویڈیو http://www.ebmcdn.net/fcps/fcps_video_viewer.php?viewnode=af7668b7c92dc کو دیکھیں (please see links below for subtitles in other languages) مزید معلومات کے لیئے Just Ask Prevention کی ویب سائٹ http://justaskprevention.com/ اس پتے پر دیکھیئے. اگر آپ کو کسی ایسے فرد کے بارے میں معلوم ہے جسے فوری مدد کی ضرورت ہے تو National Human Trafficking کی ہاٹ لائن 1-888-373-7888 پر رابطہ کیجئے۔

ہم گھرانو ں پر زور دیتے ہیں کہ بچے کے استحصال پر بات چیت کیجئے اور کسی واقعے کے بارے میں بھروسے مند فرد سے بات کرنے کی کیا اہمیت ہے پر گفتکو کیجیئے۔ ہمیں امید ہے کہ یہ خط والدین / سرپرست اور انکے بچوں کے درمیان اس موضوع پر مکالمے کا آغاز ہو گا اور یہ جاری رہے گا کہ کسیے بچوں کو محفوظ رکھا جا سکتا ہے۔

طالب علموں کو محفوظ رکھنے کیلئے اسکول کے ساتھ پارٹنرشپ کا شکریہ ۔ آ پ اگر کوئی سوال پوچھنا چاہتے ہیں یا آپ کو کسی بھی معاملے پر تشویش ہے تو براہِ مہربانی مجھ سے بلا جھجک رابطہ کیجئے۔

مخلص،

کلاس روم ٹیچر

(عربی) Tricked - Parent
http://www.ebmcdn.net/fcps/fcps_video_viewer.php?viewnode=447a3df69435d

(ویتنامی) Tricked - Parent
http://www.ebmcdn.net/fcps/fcps_video_viewer.php?viewnode=3fcbba946ee10

(کورین) Tricked - Parent
http://www.ebmcdn.net/fcps/fcps_video_viewer.php?viewnode=520731b4fc1cb

(ہسپانوی) Tricked - Parent
http://www.ebmcdn.net/fcps/fcps_video_viewer.php?viewnode=343e61b1f3f20